NHS

مریضوں کے لئے ویڈیو مشاورت سے متعلق معلومات



مریضوں کے لیے ایک فوری رہنماء

اسے کیوں منتخب کریں؟



اگر آپ سماجی فاصلہ رکھ رہے ہیں یا آئسولیٹ ہو گئے ہیں، تو آپ کو اس کے باوجود بھی NHS اپوائنٹمنٹس مل سکتی ہیں۔

آپ جیسے بھی ہوں، ہم آپ کو دیکھ سکتے ہیں



یہ آپ پر دباؤ، آپ کا وقت اور پیسہ بچا سکتا ہے

کالیں محفوظ اور تحفظ یافتہ ہیں

آپ کو کیا چاہیے



ایک چارج شدہ کمپیوٹر، ٹیبلٹ یا اسمارٹ فون جس کے اندر کیمرا اور مائیکروفون موجود ہوں



ایک خاموش اور اچھی طرح روشن جگہ جہاں پر آپ کو کوئی چیز پریشان نہ کرے

ایک اچھا انٹرنیٹ کنیکشن۔

صفحے کی دوسری جانب جاری ہے

تیار کنندہ
UNIVERSITY OF OXFORD

معاونین
Barts Health NHS Trust
Near Me
Design Science

مالی تعاون کنندگان
The Health Foundation
SUPPORTED BY NIHR National Institute for Health Research
heif HIGHER EDUCATION INNOVATION FUND
wellcome

سیٹ اپ کرنا

1

ہم آپ کو اپوائنٹمنٹ کے وقت اور اپوائنٹمنٹ تک رسائی کے لیے درکار معلومات بذریعہ ای میل، ٹیکسٹ میسج یا خط کے ذریعے بھیجیں گے

2



ہم آپ کو یاددہانی کے لیے ٹیکسٹ میسج بھی بھیج سکتے ہیں

3

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اپنی اپوائنٹمنٹ کے وقت سے پہلے سافٹ ویئر سے واقف ہو جائیں

4

اپنی مشاورت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے لیے کال سے پہلے سوالات یا مسائل کی ایک فہرست بنائیں۔

ویڈیو کال شروع کرنا

5

ویڈیو کال سافٹ ویئر کو اپنی اپوائنٹمنٹ شروع ہونے سے چند منٹ پہلے اسٹارٹ کر لیں، آپ کو کلک کرنے کے لیے ایک لنک بھی ملا ہو گا۔

6



آپ کو اپنی تاریخ پیدائش اور فون نمبر کی تصدیق کرنے کو بھی کہا جا سکتا ہے، تاکہ رابطہ منقطع ہونے کی صورت میں ہم آپ کو کال کر سکیں

7

جب آپ کا ڈاکٹر یا نرس تیار ہو جائیں گے، تو وہ آپ کو جوائن کر لیں گے یا آپ کو کال کر لیں گے

8

اپنے ڈاکٹر یا نرس کو ہیلو کہیں یا ہاتھ ہلائیں اپنے ڈاکٹر یا نرس کو ہیلو کہیں یا ہاتھ ہلائیں

مشاورت

9

بات کرتے وقت اپنے ڈاکٹر یا نرس کے چہرے یا اسکرین کی جانب دیکھیں، اپنے کیمرے کو براہ راست دیکھتے رہنے کی ضرورت نہیں ہے

10



اگر سب اچھا ہو جاتا ہے، تو آپ کو کال بالمشافہ ملاقات کی طرح محسوس ہو گی

11

اگر آپ ہمیں کچھ دکھانا چاہتے ہوں، مثلاً درد کی جگہ، تو آپ اسکرین کیمرہ استعمال کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں

12



اگر کسی نقص کی وجہ سے آپ کا رابطہ منقطع ہو جاتا ہے، تو ہم آپ کو اس کی بجائے فون کریں گے

ویڈیو کال کو ختم کرنا

13

ختم کرنے سے پہلے، آپ جو چاہیں پوچھ سکتے ہیں

14

ہم آپ کی اگلی ویڈیو اپوائنٹمنٹ، نسخے یا بالمشافہ چیک اپ کا بندوبست کریں گے

15

ختم کرنے سے پہلے ہم گُڈ بائے کہیں گے

16

مستقبل کی مشاورتوں کو بہتر بنانے میں ہماری مدد کے لیے آپ اپنی رائے دے سکتے ہیں